Total No. of Questions : 55 ]

[ Total No. of Printed Pages : 8

**Code No. 08**

# June/July, 2011

# URDU

Time : 3 Hours 15 Minutes ]

[ Max. Marks : 100

ہدایات : i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

ii) تمام سوالات کے نشانات (مارکس) بائیں جانب درج ہیں۔

iii) خوش خط اور املا کا خاص خیال رکھیں۔

I. ان سوالوں کے جواب ایک لفظ، فقرے یا جملے میں لکھئے : 10 × 1 = 10

1. کرشن چندر کا افسانہ کونسا ہے؟

(i) اڈو (ii) جامن کا پیڑ

2. کھانے کے بعد مولانا حالی کیا کرتے تھے؟

3. عیاش نے کونسی گھڑی چھینکی؟

4. کامیابی کے زرین اصول کے مصنف

(i) وحیدالدین سلیم (ii) ڈیل کارنیگی (iii) عبدالسلام

5. ہماری ہستی کس کے تابع ہے؟

6. سردی کا موسم آدمی کو کیا بنادیتا ہے؟

[ Turn over

7. پروفیسر عبدالسلام نے کس ذات پر کامل یقین کا اظہار کیا ہے؟

8. کسی چیز سے دل للچانے پر اڈو کیا کرتا تھا؟

9. علامتِ فاعل اور علامتِ مفعول کون سے حروف ہیں؟

10. ''الٹی ہوگئی سب تدبیریں'' ایک مزاحیہ..................ڈراما ہے۔

II. (الف) ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے (کوئی پانچ) : 5 × 2 = 10

11. من چلے آدمی نے دبے ہوئے آدمی کو نکالنے کی کیا تجویز رکھی؟

12. تعلیم یافتہ نوجوانوں سے متعلق حالی کا نظریہ کیا تھا؟

13. گارفیلڈ کا قول کیا ہے؟

14. سردی کے موسم کی منطق کس طرح جداگانہ ہوتی ہے؟

15. رات کو جب نیند نہیں آتی تھی تو اڈو کیا سوچا کرتا تھا؟

16. طلبہ کے درمیان ہونے والی گفتگو کو صحیح اردو میں لکھیے۔

17. مرزا صاحب نے کلیم کے ذریعہ کیا منگوایا اور کیوں؟

(ب) کسی پانچ سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے : 5 × 2 = 10

18. بے نظیر کی جدائی میں بدر منیر کی کیا حالت ہوئی؟

19. شاعر کے مطابق انسان ہمیشہ زندہ کیوں کر رہ سکتا ہے؟

20. آدمی کو کس کس بات کی فرصت نہیں؟

21. نئے سورج سے کیا پوچھا جا رہا ہے؟

22. کتوں کی کمائی اور سرمایہ کیا ہے؟

23. جمعہ کے دن کونسا واقعہ پیش آیا اور اس کا اثر علی بن متقی پر کیا ہوا؟

24. شاعر کے مطابق کون کونسے لوگ عجیب ہیں؟

III. صرف دو سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھئے : 2 × 5 = 10

25. بینک منیجر نے کھاتہ کھولنے والے شخص کو کیسے راضی کیا؟

26. ''دی سن'' کے ایڈیٹر نے نوجوانوں کو کیا نصیحت کی ہے؟

27. حضرت سلیمان اور حضرت داؤد نے اپنے زمانے کی کس ٹکنالوجی پر عبور حاصل کر لیا تھا؟

28. مرزا صاحب کے سفر لکھنؤ کا حال بیان کیجئے۔

IV. (الف) صرف تین کی بحوالہ متن وضاحت کیجئے: 3 × 2 = 6

29. ''میں لاوارث ہوں۔''

30. ''یہ معلوم ہوتا ہے گویا وہ ہنٹر کسی نے میری پیٹھ پر مارے ہیں۔''

[ Turn over

31. ''ایک فرشتہ رحمت آسمان سے نازل ہوا۔''

32. ''قانون کو بڑے یا چھوٹے کتے سے غرض نہیں''

33. ''اس مغالطے میں نہ ہو کہ قسمت تمہاری تلاش کر رہی ہے۔''

(ب) صرف چار مرکبات و محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: 4×1 = 4

34. عید کا چاند ہونا، بال بال بچنا، پھولے نہ سمانا، ہاتھ پیلے کرنا،
خوابِ غفلت، خون خرابہ۔ بے حیا۔

V. (الف) صرف ایک نظم کا خلاصہ لکھیے: 1 × 6 = 6

35. سورۂ رحمٰن، ایک چہلم پر، ہاتھوں کا ترانہ

(ب) صرف پانچ اشعار کی تشریح کیجیے: 5 × 2 = 10

36. کہاں میخانے کا دروازہ غالبؔ اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے

37. تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

38. شیریںئ نسیم ہے سوز و گداز میرؔ
حسرتؔ ترے سخن پہ ہے لطفِ سخن تمام

39. ہم کو مٹا سکے یہ زمانے میں دم نہیں
ہم سے زمانہ خود ہے زمانے سے ہم نہیں

40. غیروں سے کہا تم نے غیروں سے سنا تم نے
کچھ ہم سے کہا ہوتا کچھ ہم سے سنا ہوتا

41. باصفا دوستی کو کیا روئیں
باصفا دشمنی نہیں ملتی

42. یہی ہے زندگی کچھ خواب چند امیدیں
انہیں کھلونوں سے تم بھی بہل سکو تو چلو

(ج) کسی ایک رباعی کا مفہوم لکھیں : $1 \times 4 = 4$

43. غنچے تیری زندگی پہ دل دہلتا ہے بس ایک تبسم کے لئے کھلتا ہے
غنچے نے کہا اس چمن میں بابا یہ ایک تبسم بھی کسے ملتا ہے

44. آرام بھی ہے جہاں میں آزار بھی ہے ہے امن و امان بھی اور پیکار بھی ہے
راحت کے ساتھ رنج بھی ہیں موجود سچ ہے کہ جہاں گل ہے وہاں خار بھی ہے

VI. صرف چار الفاظ کے مترادفات لکھئے:

45. نادم، نامور، توقع، حجاب، رقص، جنت، ہجر۔ $4 \times \frac{1}{2} = 2$

46. کسی چار الفاظ کے اضداد لکھئے : $4 \times \frac{1}{2} = 2$

بقا، خوشنما، حق، فرزانگی، سحر، تیرگی۔

47. ان میں سے کسی ایک کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے : $1 \times 2 = 2$

i) صنعت تضاد ii) صنعت تقلیب

48. ذیل سے صرف دو کی تعریف کیجئے : $2 \times 1 = 2$

i) مثنوی ii) حمد iii) غزل

49. درج ذیل سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکبات بنائیے : $4 \times \frac{1}{2} = 2$

[ ہم ] [ با ] [ فروش ] [ دار ]

VII. (الف) مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالوں کا جواب لکھئے : $5 \times 1 = 5$

50. ہندوستان میں سب سے پہلے مغل شہنشاہوں نے ڈاک رسانی کی اہمیت اور ضرورت محسوس کی، شیر شاہ سوری نے ڈاک کے بھیجنے اور لانے کے لئے گھوڑے کی سواری کا انتخاب کیا۔ ہندوستان کے موجودہ ڈاک کے انتظام کا سہرا لارڈ ڈلہوزی کے سر ہے۔ ڈاک کے محکمہ سے ہر آدمی فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ ڈاک خانے کا سب سے اہم کام خطوں پارسلوں، اخباروں اور منی آرڈروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا ہے۔

سوالات : i) ہندوستان میں سب سے پہلے کس نے ڈاک رسانی کی اہمیت محسوس کی؟

ii) شیر شاہ سوری نے ڈاک رسانی کے لئے کیا کیا؟

iii) ڈاک خانہ کا سب سے اہم کام کیا ہے؟

iv) ہندوستان کے موجودہ ڈاک کے نظام کا سہرا کس کے سر ہے؟

v) ڈاک کے محکمہ سے کون فائدہ اُٹھا سکتا ہے؟

(ب) 51. ستیم کمپنی میں اسسٹنٹ کی اسامی کے لئے اپنی جانب سے ایک عرضی مع کوائف شخصی لکھیے۔ 5 = 2 + 3

VIII. 52. ذیل کے کسی دو ضرب الامثال کو مکمل کیجئے : 2 × 1 = 2

i) ایک ہاتھ سے.................. نہیں بجتی۔

ii) بوڑھی گھوڑی ...................... لگام۔

iii) دودھ کا دودھ..................... کا پانی۔

53. ذیل کے کسی ایک شعر میں تلمیح کی نشاندہی کرتے ہوئے واقعہ مختصراً بیان کیجئے : 1 × 2 = 2

i) کیا کیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

ii) قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

54. ذیل کے دو جملوں کو شائستہ زبان میں لکھئے : 2 × 1 = 2

i) کہتے دن ہوا ناتے مل کو

ii) کھانے کھا لے کو بعد میں جلد آ کو جانا

iii) کتا بولے تو بی میری بات مانیا چ نئی

55. درج ذیل اردو اقتباس کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیجئے : 4

''کرشن چندر اردو کے بہت مقبول و مشہور افسانہ نگار تھے۔ ان کی پیدائش کشمیر میں ہوئی اور وفات بمبئی میں۔ انسانیت ان کا عقیدہ تھا۔ ان کا مشہور ناول شکست ہے۔''